قرارداد Passed Notice No. 594.

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ، مانسرہ تا تھاکوٹ کلاس ٹو ہائی وے کے تعمیر میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی/ تعمیراتی کمپنی مقامی آبادیوں سے کئے گئے باہمی طے شدہ شرائط پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے علاقے میں پائے جانے والے شدید ھیجانی کیفیت اور عوامی ردعمل کے پیش نظر اس قرارداد کے ذریعہ صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے۔ کہ عوامی مفاد کے اس معاملہ پر وفاقی حکومت اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی/ تعمیراتی کمپنی کو درجہ ذیل اقدامات اُٹھانے کی پوری ہدایت کریں۔

i۔ تعمیراتی کمپنی/ نیشنل ہائی وے اتھارٹی شاہراہ کے دونوں اطراف پر بھاڑ لگوانے کا عمل شروع کر چکی ہیں مگر! علاقہ کے کسانوں کو زرعی زمینوں تک اور زرعی پیداوار کو مقامی منڈیوں تک پہنچانے کے لئے راہ داریاں فراہم نہیں کر رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے مقامی کسانوں کے مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حالانکہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حکام ہر سطح پر راہ داریاں فراہم کرنے کی یقینی دہانیاں مختلف فورمز پر کر چکے ہیں۔

ii۔ ضلع مانسہرہ کے تین بڑے، گنجان آباد گاؤں مونگی مچھی پول، کلگان اور بٹر یڑھ کے علاقوں میں نیشنل ہائی اتھارٹی/ تعمیرای کمپنی نے نہ تو برتج اور نہ ہی کنیکٹیو روڈز فراہم کی ہیں جو نیشنل ہائی اتھارٹی کی باہمی طے شدہ شرائط کا حصہ ہے۔ لہٰذا مقامی آبادی میں اس سلسلہ میں شدید غم وغصہ سامنے آرہا ہے۔ اگر چہ مانسہرہ کے ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ حکام سے کئی بار اس ایشو پر باقاعدہ کرسپانڈنٹ کروا کر اس کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کی کوششیں کی ہیں۔ تاہم ایسی تمام کوششوں کا کوئی مثبت نتیجہ سامنے نہیں آیا۔

لہٰذا!

مندرجہ بالا دونوں ایشوز کو اُجاگر کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی/ تعمیراتی کمپنی کو عظیم تر عوامی مفاد میں راہ داریوں کی فراہمی اور تینوں گاؤں میں برتج / کنیکٹیو روڈز کی فراہمی کا پابند بنائیں۔

بابر سلیم سواتی
حلقہ پی کے ۔۔

Adopted Unanimously.
30/12/019
4:53 P.M.

Process please
30/12/019

Notice office

RESOLUTION
Session No. 10th
Notice No. 594
Received Time 12:30
Received Date 30/12/19
From Mr./M... بابر سلیم سواتی MPA
Receiver Sign...